**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36۔کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**


**10 نومبر 2022**

# پریس ریلیز

## وفاقی شرعی عدالت کے سود کے خلاف فیصلے پر سپریم کورٹ میں دائر اپیلیں واپس لینے کا حکومتی فیصلہ قابلِ صد تحسین ہے۔(شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** وفاقی شرعی عدالت کے سود کے خلاف فیصلے پر سپریم کورٹ میں دائر اپیلیں واپس لینے کا حکومتی فیصلہ قابلِ صد تحسین ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ 28 اپریل 2022ء کو وفاقی شرعی عدالت نے اپنے معرکتہ الآرا فیصلے میں بنک انٹرسٹ سمیت ہر قسم کے ربا کو حرام قرار دے کر مرحلہ وار سودی معیشت کے خاتمہ اور پانچ سال میں ملکی معیشت کو اسلامی خطوط پر استوار کرنے کے احکامات جاری کیے تھے۔ لیکن سٹیٹ بنک سمیت بعض سرکاری اور نجی بنکوں نے اس فیصلہ کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل کر دی تھی جس کی تنظیم اسلامی نے بھرپور مخالفت کی۔ امیر تنظیم نے وفاقی وزیر خزانہ کا پریس کانفرنس کے دوران سپریم کورٹ میں داخل اپیلوں کو واپس لینے کے فیصلے اور ملک میں اسلامی بینکنگ نظام کو آگے بڑھانے کے عزم کو انتہائی خوش آئند قرار دیا۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت اور معیشت سے متعلق ریاستی اداروں کی یہ اوّلین ذمہ داری ہے کہ مملکتِ خداداد پاکستان کے معاشی نظام کو مکمل طور پر شریعت کے مطابق ڈھالا جائے تاکہ ملک میں قرآن وسنت کی بالادستی قائم ہو جس کا ہمارا آئین بھی تقاضا کرتا ہے۔ علاوہ ازیں تمام غیر شرعی قوانین کو ختم کر کے جلد از جلد پاکستان کو دستوری طور پر صحیح معنوں میں اسلامی ریاست کا درجہ دیا جائے تاکہ ہماری دنیا بھی سنور جائے اور ہم آخرت میں بھی سرخرو ہو سکیں۔

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم شعبہ نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

تنظیمِ اسلامی

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: Thursday 10 November 2022**

**"The decision made by the federal government to withdraw all appeals in the Supreme Court challenging the decision against riba by the Federal Shariat Court is commendable."**

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR): "The decision made by the federal government to withdraw all appeals in the Supreme Court challenging the decision against riba by the Federal Shariat Court is commendable."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that the Federal Shariat Court (FSC) in its landmark decision of 28 April 2022 had declared all forms of riba including bank interest as haram (prohibited) and directed the government to eradicate the riba-based economy in stages and ensure that the economy of the country is fully cast according to the principles of Islam within five years. However, the State Bank of Pakistan and several other public and private banks went into appeal against the decision of the FSC in the Supreme Court (SC), with was vehemently condemned by Tanzeem-e-Islami. The Ameer welcomed the decision by the government to withdraw the appeals against the FSC decision in the SC and the intention of the government to promote the Islamic banking system, as stated by the federal minister of finance in a press conference yesterday. The Ameer said that now it is the utmost responsibility of the government and all state institutions related to the economy to mould the economic system of the Islamic Republic of Pakistan according to the commandments of the Islamic Shariah to ensure that the preeminence of the Qur'an and Sunnah in established in the country, which is also required by the constitution of Pakistan. He demanded that all laws repugnant to the Islamic Shariah must be abolished to make Pakistan a genuine Islamic state on the constitutional level as well, so that we could be successful in this world and in the Hereafter.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**